پناہ گزین کی شرکت ۱:

پناہ گزین کی شرکت سے کیا مراد ہے اور یہ اہم کیوں ہے؟

برطانیہ میں زیادہ سے زیادہ خدمات اپنے کلائنٹس کو آواز اور مواقع فراہم کر رہی ہیں کہ کس طرح خدمات فراہم کی جائیں۔ اسے 'شرکت' کہا جاتا ہے۔ یہ کتابچہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ شرکت کیا ہے، اور آپ اور آپ کے ذریعے رسائی کردہ خدمات کو کیا فوائد حاصل مل سکتے ہیں۔

یارک شائر اور ہمبر پہنچنے پر آپ دوبارہ نئی زندگی شروع کرنے کے لیے کئی مختلف سہولیات تک رسائی کر سکتے ہیں۔ اس میں صحت، تعلیم، لائبریریاں، رہائش، خیراتی ادارے وغیرہ شامل ہیں۔ آپ جن اقسام کی سہولیات تک رسائی کرتے ہیں ان کا انحصار آپ کے ہجرت کی کیفیت اور آپ کی ضروریات جیسے عناصر پر ہوگا۔

کچھ سہولیات مرکزی اور مقامی حکومت کی طرف سے فراہم کی جاتی ہیں - جیسے کہ اسکولز، رہائش کے متعلق مشاورت، فلاحی مراعات، نیشنل ہیلتھ سروس (NHS) یا پولیس۔ دوسری سہولیات نجی کمپنیوں یا افراد کی طرف سے فراہم کی جاتی ہیں۔ مزید سہولیات خیراتی اداروں اور رضاکارانہ تنظیموں کی طرف سے فراہم کی جاتی ہیں۔

ممکن ہے کہ آپ کو کچھ سہولیات سے کافی معاونت نہ ملے۔ مثال کے طور پر ہو سکتا ہے کہ آپ کو ترجمان کی ضرورت ہو، لیکن یہ ہمیشہ نہ فراہم کئے جائیں۔ یا ہو سکتا ہے کہ آپ کو کسی اپوائنٹمنٹ پر جانے کے لیے بہت لمبا سفر طے کرنا پڑے اور آپ کو وہاں جانے میں مشکلات کا سامنا ہو۔

یہ جھنجھلاہٹ کا باعث ہو سکتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ آپ محسوس کریں کہ آپ کو مزید معاونت یا بہتر سہولیات ملنی چاہیے۔ باوجود اس کے کہ سہولیات کے فراہم کنندگان بہترین کوشش کر رہے ہیں، ہو سکتا ہے کہ آپ کو لگے کہ وہ آپ کی مخصوص ضروریات کے متعلق آگاہی نہیں رکھتے۔ ان حالات میں ممکن ہے کہ آپ آواز اٹھانا چاہیں تاکہ وہ آپ کی آراء سن سکیں اور ان پر غور کر سکیں۔

شرکت سے کیا مراد ہے؟

شرکت میں شامل ہیں:

- سہولیات کے متعلق بہتر معلومات حاصل کرنا۔
- سہولیات کے متعلق اپنی آراء شیئر کرنا۔
- سہولیات کے متعلق فیصلوں میں حصہ لینا۔

شرکت کا مطلب ہے سہولت فراہم کنندگان، تنظیموں کو اپنی معلومات، صلاحیتیں، آراء اور خدشات سے آگاہ کرنا اور شرکت کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ اپنے مقامی علاقے میں دستیاب سہولیات کے متعلق باخبر رہ کر یا خود کو درکار سہولیات کو تشکیل دینے میں معاونت فراہم کر کے شرکت کر سکتے ہیں۔

بین الاقوامی ایسوسی ایشن برائے عوامی شرکت، شرکت کی پانچ مختلف سطحوں کی نشاندہی کرتے ہیں:

۱. اطلاع - جب آپ کو معلومات فراہم کی جاتی ہے تاکہ آپ سمجھ سکیں کہ سہولیات کس طرح فراہم کی جاتی ہیں۔
۲. مشاورت - جب سہولیات کسی چیز کے متعلق آپ کا فیڈبیک یا آپ کی آراء مانگتے ہیں۔
۳. شمولیت - جب سہولیات یہ بات یقینی بنانے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرتے کہ آپ کی آراء پر ہمیشہ غور کیا جائے۔
۴. تعاون - جب سہولیات حل تلاش کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرتے ہیں۔
۵. بااختیار بنانا - جب آپ سہولیات کے متعلق حتمی فیصلے کرنے میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔

سطح جتنی اعلی ہوگی آپ کی آراء فیصلوں کو اتنا ہی زیادہ متاثر کریں گی۔

This project is co-funded by the European Union Asylum, Migration and Integration Fund. Making management of migration flows more efficient across the European Union.

شرکت تنظیموں میں مثبت تبدیلیوں کا باعث بنتی ہے۔ فراہم کنندگان کو شرکت سے فائدہ پہنچتا ہے کیونکہ اس کی بدولت ان کے لیے صارفین کی ضروریات سمجھنا اور مسائل حل کرنے، رکاوٹیں ختم کرنے اور سہولیات بہتر بنانے کے لیے صارفین کی معلومات اور تجربے سے سیکھنا ممکن ہوتا ہے۔ شرکت کی حوصلہ افزائی کرنے والی تنظیمیں موثر اور جدت پسند سہولیات تیار کرتی ہیں، جلد دوسروں کی ضروریات سمجھتی ہیں، اور مسائل کی روک تھام کرتی ہیں۔

آپ کو شرکت سے کیا فائدہ ہوگا؟

شرکت سے سہولت کے تمام صارفین پر مثبت اثر پڑتا ہے ہوتے ہیں کیونکہ یہ سہولت میں بہتری کا باعث بنتی ہے۔ تاہم آپ کو بھی شرکت کر کے بہت فائدہ پہنچ سکتا ہے، چاہے وہ ایک مقامی طبی پریکٹس میں ہو یا کسی خیراتی ادارے میں۔ مثال کے طور پر آپ مندرجہ ذیل کر سکتے ہیں:

- اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے متعلق بہتر آگاہی حاصل کریں۔
- خود کو پیش کردہ سہولیات کے متعلق بہتر سمجھ بوجھ رکھیں۔
- سہولیات کی منصوبہ بندی اور فراہمی کے طریقہ کار میں رائے دہی کا موقع حاصل کریں۔
- سرگرمیوں اور تقریبات میں حصہ لیں اور مختلف پس منظروں سے وابستہ نئے افراد سے ملیں اور اپنی مقامی کمیونٹی میں دوسرے افراد کے ساتھ رابطہ قائم کریں۔
- مختلف اشیاء، جیسے کہ صحت سے وابستہ ایمرجنسیوں، کے متعلق رہنمائی اور ضوابط کے حوالے سے باخبر رہیں۔
- انگریزی کی مشق کرنے کے نئے مواقع حاصل کریں، دوسری ثقافتوں اور رویات کے متعلق سیکھیں اور دوسروں کے نقطہ نظر سمجھیں۔
- ان شعبہ جات میں تجربہ حاصل کریں جن میں آپ کو دلچسپی ہے اور اپنی صلاحیتیں بہتر کریں، مثال کے طور پر آپ کی مواصلت اور قیادت کی صلاحیتیں۔
- اپنی کمیونٹی کی ضروریات کو بہتر طور پر جانیں۔ تنظیموں کو بہتر سہولیات تیار کرنے میں معاونت فراہم کر کے اپنی کمیونٹی کی نمائندگی اور وکالت کرنا سیکھیں۔
- اپنی کمیونٹی میں زیادہ کامیابی سے انضمام کے حوالے سے معاونت فراہم کرنے والی سہولیات کی ذمہ داری اٹھا کر فخر اور اختیار کا احساس پیدا کریں۔
- اپنی خوداعتمادی کو تقویت دیں۔

جیسے کہ آپ دیکھ سکتے ہیں، شرکت کے کئی فوائد ہیں۔ سہولیات اور کمیونٹیوں کے انتظام میں حصہ لینا، آپ کی ذاتی اور پیشہ ورانہ ترقی کے ساتھ لوگوں کی زندگی میں مثبت کردار ادا کرنے کا منفرد موقع ہے۔

آپ شرکت اور شامل ہونے کے طریقوں کے متعلق مزید جاننے کے لیے اس سیریز کے دیگر کتابچے پڑھ سکتے ہیں۔